مسافرینِ آخرت

مجلس احرار اسلام چکڑالہ ضلع میانوالی کے کارکن محترم ملک احمد شیر صاحب کی نانی صاحبہ انتقال کر گئیں۔

مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن محترم حسین اختر صاحب کے جواں سال بھانجے محمد سلیم بجلی کا کرنٹ لگنے سے ۶ اگست کو چیچہ وطنی میں انتقال کر گئے۔

ناگڑیاں ضلع گجرات میں ہمارے معاونین اور مہربان یکے بعد دیگرے انتقال کر گئے۔

۱۔ محمد خان کشمیری، ۲۔ بشیر احمد (کوتوال)، ۳۔ محترمہ سید بیگم والدہ محمد احمد خان گجر، ۴۔ محترم ریاضت علی کے والد ماجد۔

* مجلس احرار اسلام (بستی رانجھا ضلع رحیم یار خان) کے کارکن محترم حافظ رضا محمد صاحب کی والدہ ماجدہ ۲۵ ربیع الاوّل ۱۴۱۷ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۹۶ء کو انتقال کر گئیں۔ اس سے قبل ۸ ربیع الاوّل، ۲۵ جولائی کو آپ کی بھاوج اور محترم غلام سرور صاحب کی اہلیہ رحلت کر گئیں۔

* مجلس احرار اسلام کے قدیم اور مخلص کارکن محترم شیخ احسان اللہ صاحب (وزیر آباد) کی بھاوج، شیخ نجم الھدیٰ صاحب کی چچی اور شیخ محمد ابوبکر صاحب کی خوشدامن صاحبہ گزشتہ دنوں مری میں رحلت کر گئیں۔

جناب حافظ ممتاز علی مرحوم:

مدرسہ فاروقیہ بھکر کے مہتمم اور ہمارے قدیم مہربان جناب حافظ ممتاز علی بھکر میں انتقال فرما گئے۔ حافظ صاحب مرحوم بھکر کی ممتاز دینی شخصیات میں شمار ہوتے تھے۔ انہوں نے تمام عمر تعلیم و تبلیغ دین کے فریضہ میں بسر کی۔

سید خالد مسعود گیلانی کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام میانوالی کے رہنما سید خالد مسعود گیلانی کی نانی صاحبہ ۲۳ اگست کو رحلت کر گئیں۔

محترم پروفیسر سید سعید احمد مرحوم:

بہاول پور سے ہمارے بہت ہی مہربان دینی بھائی محترم پروفیسر سید محمد سعید گزشتہ ماہ انتقال فرما گئے۔

جناب حکیم محمود خان کو صدمہ:

ملتان سے ہمارے کرم فرما، معروف سیاسی و سماجی رہنما جناب حکیم محمود خان کی والدہ ماجدہ ۲۱ اگست

کو انتقال کر گئیں۔

شیخ محمد یعقوب ہوشیار پوری مرحوم:

مجلسِ احرار اسلام کے سابق کارکن اور جمیعت علماء اسلام ملتان کے رہنماء شیخ محمد یعقوب ہوشیار پوری ۲۵ اگست ۱۹۹۶ء کو ملتان میں انتقال کر گئے۔ وہ ایک متحرک اور انتھک سیاسی کارکن تھے۔

محترم حسین اختر کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن محترم حسین اختر لدھیانوی کے نوجوان بھانجے محمد سلیم گزشتہ ماہ اوکاڑہ میں انتقال کر گئے۔

* محترم لیاقت علی صاحب (مہربان کالونی ملتان) کی والدہ ماجدہ انتقال کر گئیں۔
* محترم جان محمد صاحب (سورج میانی ملتان) کے والد ماجد انتقال فرما گئے۔
* محترم محمد شفیع صاحب (محلہ ٹبی شیر خان ملتان) کے نوجوان فرزند محمد اسحق بجلی کے کام کے دوران حادثہ میں جاں بحق ہوگئے۔

منوں خان مرحوم:

جناب منوں خان مرحوم معروف طباعتی ادارہ میسون پبلی کیشنز ملتان کی جگہ کے مالک اور ہمارے مہربان تھے۔ الکا ۲۰ اگست ۱۹۹۶ء کو ریلوے کے ایک حادثے سے انتقال ہوگیا ہے۔ ہم مرحوم کے بیٹوں محمد اختر، محمد انور، محمد منور خان اور بھائی محمد ریاض چنوں سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔

حاجی بشیر احمد شجرا کو صدمہ:

ابو میسون اللہ بخش احرار کے رفیقِ ادارہ خوش نویس محمد اعجاز شاہد کا چچازاد اور حاجی بشیر احمد شجرا کا ۱۵ سالہ نوجوان بیٹا فراز بشیر ۱۴ اگست کو چھت سے گر کر جاں بحق ہوگیا ہے۔ ہم جناب حاجی صاحب، محترم حاجی نصیر بخش اور جناب حافظ محمد یوسف صاحب و دیگر لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

اراکین ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لئے دعا گو ہیں اور لواحقین و پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کے درجات بلند فرمائے اور علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے (آمین) قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لئے ایصال ثواب اور دعاء کا خاص اہتمام فرمائیں (ادارہ)

*